تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

May 08, 2023

پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ کے جاب کم انٹرنشپ فیئر ’جاب کنیکٹ‘ (جاب اتسو) کو لوگوں کا بھرپور پیار ملا

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے یونیورسٹی پلیسمنٹ سیل (یو پی سی) نے مورخہ تین اور چار مئی کو آن لائن وضع میں جاب کم انٹرنشپ فیئر ’کیریئر کنیکٹ‘ (جاب اتسو) منعقد کیا۔ یہ پروگرام نندی فاؤنڈیشن اینڈ مہندرا پرائڈ کلاس روم کے اشتراک سے منعقد کیا گیا تھا۔ پروگرام کے اہم ایسوسی ایٹ اسپانسر آئی ای ایس نئی دہلی تھے۔

جاب اتسو کو طلبا نے خوب پسند کیا اور تمام کورسیز کے دو ہزار طلبا نے اس میں اپنا رجسٹریشن کرایا۔ دوروزہ جاب اتسو پروگرام میں ایک سو بیس طلبا منتخب بھی ہوئے اور پانچ سو طلبا کو اگلے مراحل کے لیے شارٹ لسٹ بھی کیا گیا ہے۔ اس پروگرام میں بایوڈاٹا ولیڈیشن اور موک انٹرویو کے بھی اسٹال لگائے گئے تھے جن میں تین سو طلبا کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

جاب فیئر میں مجموعی طور پر (آن لائن اور آف لائن وضع ملا کر) ساٹھ کمپنیوں نے حصہ لیا۔ ان میں اہم اور بڑی کمپنیوں میں ٹیک مہندرا، جی ٹی ای کے ٹی، ایکسی کوم کنسلٹنگ، وی سرو، میٹیک، دی اکونومک ٹائمز اور آئی گلوبلز وغیرہ تھیں۔ فیکلٹی آف انجنیئر نگ، ڈپارٹمنٹ آف مینجمنٹ اسٹڈیز اور یونیورسٹی پلیسمنٹ سیل کے کلام روم میں آف لائن انٹریوز ہوئے تھے۔

جاب فیئر کے افتتاحی اجلاس کی مہمان خصوصی پروفیسر نجمہ اختر (پدم شری)، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ تھیں انھوں نے فیکلٹی آف انجینئر نگ کے آڈی ٹیوریم میں پروگرام کو شروع کرایا۔ یونیورسٹی پلیسمنٹ سینٹر کی اعزازی ڈائریکٹر پروفیسر راحیلہ فاروقی نے استقبالیہ خطبہ دیا۔ انھوں نے کمپنیوں کے ایچ آرز، مندوبین کا پروگرام میں خیر مقدم کیا اور دو ہزار تیئیس میں جو پلیسمنٹ ہوئی ہیں ان کی جھلکیاں پیش کیں۔

پروگرام کے مہمان اعزازی جناب روی شریواستو نندی فاؤنڈیشن کے ریجنل مینیجر نے خواتین خودمختاری اور زراعت میں نندی فاؤنڈیشن کی پہل کے متعلق بتایا۔

پروفیسر نجمہ اختر (پدم شری)، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے طلبا کی تربیت اور ان کے پلیسمنٹ کے لیے کی پلیسمنٹ سیل کی جانب سے کی جانے والی کوششوں کے لیے یو پی سی کو مبارک باد دی اور جاب اتسو دو ہزار تیئس کے انعقاد کے لیے بھی مبارک باد دی۔ انھوں نے کہا کہ جامعہ ملیہ اسلامیہ اپنے طلبا کی ہمہ جہت ترقی کے لیے کوشاں رہتا ہے اور ان کی قابلیت پر بھی بھروسہ اور اعتماد جتایا۔ یونیورسٹی پلیسمنٹ سیل کی نائب اعزازی ڈائریکٹر پروفیسر صباح خان شکریے کی رسم ادا کی۔ جاب اتسو کو کامیاب بنانے کے لیے یو پی سی کے عہدیداروں اور اہل کاروں کی مساعی، جامعہ انتظامیہ کے تعاون اور مختلف کورسیز کے طلبا کی انتھک مساعی کا انھوں نے اعتراف کیا۔

فائن آرٹ ڈپارٹمنٹ اور ہوٹل مینجمنٹ کے طلبا نے بھی اپنے اپنے شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کا جوہر دکھانے کے لیے اپنی کاریگری کے نمونوں کے اسٹال لگائے تھے۔ اسٹوڈینٹ پلیسمنٹ کوآرڈی نیٹرس اور مختلف کورسیز کے رضا کار طلبا یونیورسٹی پلیسمنٹ سیل کے اسٹاف کے ساتھ مل کر یہ کارنامہ انجام دیا ہے اور اس پروگرام کو زبردست کامیاب بنانے کے لیے شب و روز محنت کی ہے۔

فورس) بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے۔ انھوں نے مستقبل میں ہیومن فیکٹر انجینئرنگ کے اقدار پر زور دیا۔ انھوں نے اپنی تقریر کے دوران سول اور دفاع کے شعبوں میں ٹیلی میڈیسن کے استعمال کو بھی اجاگر کیا۔

اس اجلاس کی صدارت سابق ڈائریکٹر این آئی ٹی، جالندھر پروفیسر معین الدین نے کی۔ انھوں نے منتظمہ کمیٹی کی کوششوں کی تعریف کی کہ انھوں نے علم و فن سے وابستہ اذہان کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کر دیا تاکہ وہ اپنی معلومات اور تجربات ایک دوسرے کے ساتھ ساجھا کر سکیں۔

پروگرام کے تکنیکی صدر پروفیسر انور شہزاد صدیقی کے اظہار تشکر کے ساتھ اختتامی اجلاس اختتام پذیر ہوا۔ انھوں نے پروگرام کی شان دار کامیابی کے لیے تمام شرکا، حاضرین، مقررین، اسپانسرز اور حامیوں کے گراں قدر تعاون کا شکریہ ادا کیا۔

تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی